**05.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

**Music**

------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج شام راجیہ سبھا میں صدر کے خطبے پر شکریے کی تحریک کا جواب دیں گے۔

☆ لوک سبھا نے اپوزیشن کے شور وغل کے درمیان زبانی ووٹ سے صدر کے خطبے پر شکریے کی تحریک کی منظوری دے دی۔

☆ سپریم کورٹ نے مغربی بنگال سرکار کو ہدایت دی ہے کہ وہ 31 مارچ تک ریاستی سرکار کے ملازمین کو التوا شدہ مہنگائی بھتے کا 25 فیصد ادا کرے۔

☆ وزیرِ داخلہ امت شاہ آج سے جموں و کشمیر کے تین روزہ دورے پر رہیں گے، جہاں وہ سکیورٹی کی صورتحال کا جائزہ لیں گے۔

☆ آج نئی دلّی میں امدادِ باہمی پر مبنی بھارت کی پہلی Ride-Hailing پلیٹ فارم 'بھارت ٹیکسی' کا آغاز ہوگا۔

☆ اور آج شام وڈودرا میں خواتین کے پریمئر لیگ کرکٹ فائنل میں رائل چیلنجرس بنگلورو کا سامنا ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**RS-PM REPLY**

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی آج راجیہ سبھا میں صدر جمہوریہ کے خطبے پر شکریہ کی تحریک کا جواب دیں گے۔ ایوان میں اپوزیشن کے رہنما ملکارجن کھڑگے کے الزام کا جواب دیتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ سبھی ارکان پارلیمنٹ آج وزیراعظم کی تقریر سننا چاہتے ہیں، لیکن کانگریس پارٹی وزیراعظم کو سننا نہیں چاہتی، جو اُس کی اپنی مرضی ہے۔

**Byte: Kiren Rijiju**

جناب رجیجو نے، جناب کھڑگے کے اس الزام کو بھی مسترد کردیا کہ لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی ملک کے مفادات پر بولنا چاہتے تھے، لیکن انہیں شکریئے کی تحریک پر بولنے نہیں دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جناب گاندھی پارلیمانی ضابطوں پر عمل نہیں کررہے تھے اور وہ ضابطوں سے الگ بول رہے تھے۔ ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ راجیہ سبھا اکیلا ایوان نہیں ہے، بلکہ راجیہ سبھا اور لوک سبھا کو ایک ساتھ ملاکر پارلیمنٹ کہا جاتا ہے۔

ایوان کے رہنما اور مرکزی وزیر جے پی نڈا نے بھی کھڑگے کے بیان پر یہ کہتے ہوئے اعتراض کیا کہ لوک سبھا سے متعلق معاملوں پر راجیہ سبھا میں تبادلہ خیال نہیں کیا جاسکتا۔ جناب نڈا نے مزید کہا کہ وزیراعظم مودی کی قیادت میں سرکار پارلیمنٹ میں کسی بھی معاملے پر بحث کیلئے تیار ہے، لیکن اپوزیشن ارکان لوک سبھا میں رخنہ پیدا کررہے ہیں۔ جناب نڈا نے مزید کہا کہ مرکزی وزیر پیوش گوئل نے بھارت-امریکہ تجارتی سمجھوتے پر بیان دے دیا ہے، جیسا کہ اپوزیشن نے مطالبہ کیا تھا۔×

**LS-MOTION OF THANKS**

لوک سبھا نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریئے کی تحریک کو زبانی ووٹ سے منظوری دے دی ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے گزشتہ مہینے کی 28 تاریخ کو دونوں ایوانوں سے خطاب کیا تھا۔ مرکزی وزیر اور BJP کے MP سربانند سونووال نے تحریک پیش کی، جس کی BJP کے MP تیجسوی سوریہ نے تائید کی۔ پہلے التوا کے بعد ایوان کا اجلاس دن کے 12 بجے شروع ہوا، تو لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریئے کی تحریک کی کارروائی شروع کی۔ جناب برلا نے شکریئے کی تحریک پر کئی اپوزیشن ارکان کی جانب سے پیش کی گئی ترمیمات کو ووٹ کیلئے پیش کیا، لیکن ایوان نے انہیں مسترد کردیا۔

اپوزیشن کے شور وغل کے درمیان لوک سبھا نے شکریئے کی تحریک کو منظور کرلیا۔ لوک سبھا کے اسپیکر نے کہا کہ مرکزی بجٹ 2026-27 پر اب ایوان زیریں میں بحث ہوگی اور ہر رُکن کو اس پر اظہار خیال کا موقع ملے گا۔ اپوزیشن کے مسلسل ہنگامے کی وجہ سے جناب برلا نے ایوان کی کارروائی دن کے دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔ اس سے پہلے جب لوک سبھا کا اجلاس دن کے 11 بجے شروع ہوا، تو لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے اپوزیشن کے ارکان کی نازیبا حرکت پر تشویش ظاہر کی، جو کُل نعرے لگاتے ہوئے برسراقتدار اتحاد کے اراکین کے پاس پہنچ گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی حرکت مناسب نہیں تھی اور یہ ایوان کے وقار اور شائستگی کے خلاف ہے۔

**1415-Om Birla- Loksabha**

انہوں نے مزید کہا کہ اگر ایوان کا وقار برقرار نہیں رکھا جاتا، تو کسی بھی اسپیکر کیلئے ایوان کی کارروائی چلانا مشکل ہوگا۔

**SC-WB DA**

سپریم کورٹ نے مغربی بنگال سرکار کو ہدایت دی ہے کہ وہ 31 مارچ تک ریاستی سرکار کے ملازمین کو التوا شدہ مہنگائی بھتے کا 25 فیصد ادا کرے۔ عدالتِ عالیہ نے متابنرجی سرکار کو یہ حکم دیا ہے کہ باقیماندہ 75 فیصد کی ادائیگی کیلئے ایک چار رکنی کمیٹی بنائی جائے، جو اِس بارے میں فیصلہ کرے گی۔ جسٹس سنجے Karol اور جسٹس پرشانت کمار مشرا پر مشتمل بینچ نے کہا کہ جب ایک بار مہنگائی بھتہ قانونی ضابطوں کے تحت واضح کردیا گیا ہے اور اِسے صارفین کے کُل ہند اشاریے سے منسلک کردیا گیا ہے تو ریاستی سرکار بعد میں اِس کی ادائیگی کا طریقۂ کار بدل نہیں سکتی۔ x

**AMIT SHAH-J&K VISIT**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج سے جموں وکشمیر کے تین دن کے اہم دورے پر ہوں گے، جہاں وہ سلامتی کی صورتحال اور ترقیاتی پروجیکٹوں کا تفصیلی جائزہ لیں گے اور سیاسی فریقوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ توقع ہے کہ دورے کے دوران سکیورٹی ایجنسیوں اور انتظامی عہدیداروں کے ساتھ اعلیٰ سطح کی میٹنگیں بھی ہوں گی، تاکہ نظم نسق کی مجموعی صورتحال اور موجودہ کارکردگی اور بنیادی ڈھانچے کے اقدامات کی پیش رفت کا جائزہ لیا جاسکے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Gulshan Raina**

*وزیر داخلہ سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لیں گے، سیاسی رہنماؤں سے ملاقات کریں گے اور مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ جناب شاہ آج شام پانچ بجے جموں پہنچیں گے اور وہاں سے لوک بھون جائیں گے، جہاں وہ سیاسی رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔ کل صبح وہ کٹھوعہ ضلع میں ہیرانگر کے مقام پر بین الاقوامی سرحد کا دورہ کریں گے اور سرحد کے اُس پار سے دراندازی کو روکنے کیلئے سرحدی حفاظتی دستے BSF کی جانب سے لگائے گئے نئے آلات کا معائنہ کریں گے۔ دوپہر بعد وہ لوک بھون جموں میں اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لیں گے۔ 7 فروری کی صبح وزیر داخلہ جموں سے سری نگر روانہ ہوں گے، جہاں وہ جموں کشمیر کیلئے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ 7 فروری کو دوپہر بعد جناب شاہ چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائے پور روانہ ہوجائیں گے۔*

*جموں سے گلشن رائنا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......*

**BHARAT TAXI LAUNCH SAHAH**

وزیرِ داخلہ امت شاہ آج نئی دلّی میں امدادِ باہمی پر مبنی ملک کی پہلی بھارت ٹیکسی سروس کی شروعات کریں گے، جسے Ride-Hailing پلیٹ فارم کا نام دیا گیا ہے۔ وزیرِ داخلہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا کہ بھارت ٹیکسی

کے توسط سے ڈرائیور، وقار اور عظمت کے ساتھ منافع کمائیں گے اور انہیں بعد میں اِس کا مالک بھی بنا دیا جائے گا۔ انہوں نے اِسے ٹیکسی ڈرائیوروں کیلئے ایک اہم دن قرار دیا۔ x

**UPSC-REVISED NORMS**

یونین پبلک سروس کمیشن UPSC نے سول سروس میں پہلے سے برسرِ ملازمت امیدواروں کی اہلیت کے واضح اور تفصیلی ضابطے جاری کئے ہیں۔ سول سروسز امتحانات 2026، سی ایس ای کے یہ ضابطے کل جاری کئے گئے ہیں۔ اِن نظرِ ثانی شدہ ضابطوں میں IAS، IPS، IFS اور گروپ اے کی ملازمت کے افسروں پر، خاص طور پر توجہ دی گئی ہے۔ اِن ضابطوں میں وضاحت کی گئی ہے کہ اِس طرح کے امیدوار پھر سے امتحانات میں کتنی بار بیٹھ سکتے ہیں یا نہیں بیٹھ سکتے۔ سی ایس ای 2026 کی آن لائن درخواست فارم upsc.gov.in پر 24 فروری تک دستیاب رہیں گے۔

ضابطوں کے نوٹفکیشن کے مطابق، جن امیدواروں کا پہلے کے امتحان کے مطابق انڈین ایڈمنسٹریٹیو سروس یا انڈین فارن سروس میں تقرر کیا گیا ہے اور وہ اپنے کیڈر میں برابر کام کررہے ہیں، سی ایس ای 2026 میں بیٹھنے کے اہل نہیں ہوں گے۔ اگر امیدواروں کو سی ایس ای 2026 کا ابتدائی امتحان پاس کرنے کے بعد IAS یا IFS کا تقرر نامہ ملتا ہے اور اس وقت تک Main امتحانات شروع نہ ہوئے ہوں، تو انہیں Main امتحانات میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اگر تقررنامہ Main امتحانات شروع ہونے کے بعد لیکن حتمی نتائج کے اعلان سے پہلے ملتا ہے تو اس طرح کے امیدواروں کو سی ایس ای 2026 کے تحت سروس دینے پر غور نہیں کیا جائے گا۔ x

**PM-BUDDHA RELICS**

وزیراعظم نریندر مودی نے کولمبو کے پوتر Gangaramaya مندر میں مقدس Devnimori کے باقیات کی نمائش کا آغاز کرنے پر سری لنکا کے صدر انورا کمارا دِسا نائیکے کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ بھگوان بدھ کی رحم دِلی، امن اور ہم آہنگی سے متعلق لازوال تعلیمات انسانیت کی رہنمائی کرتی رہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ برس اپریل میں سری لنکا کے اپنے دورے کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ یہ باقیات سری لنکا لائے جائیں گے، تاکہ عوام کو انہیں عقیدت کے ساتھ دیکھنے کا موقع مل سکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت اور سری لنکا گہرے تہذیبی اور روحانی رشتوں کے بندھن سے جڑے ہوئے ہیں۔x

**SEYCHELLES PREZ CHENNAI**

سیشلز کے صدر Patrick Herminie بھارت کے پہلے سرکاری دورے پر آج چنئی پہنچے ہیں۔ وزارتِ

خارجہ نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ اپنے پانچ روزہ دورے کے دوران جناب **Herminie**، صدر دروپدی مرمو سے گفتگو کریں گے اور وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ساتھ باہمی دلچسپی کے علاقائی، عالمی اور دو طرفہ امور پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

**UN-INDIA AI SUMMIT**

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل اَنتونیو گوتریس نے آئندہ **India AI Impact Summit** کیلئے بھارت کی قیادت کی تعریف کی ہے۔ انہوں نے بین الاقوامی تعلقات میں مصنوعی ذہانت کو ایک نہایت اہم معاملہ قرار دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ملکوں کو چاہئے کہ وہ تیزی سے اُبھرتی ہوئی ٹیکنالوجی سے پیدا ہونے والے چیلنجوں اور مواقع کا جائزہ لینے کیلئے ایک ساتھ آئیں۔ جناب گُتریس **India AI Impact Summit 2026** میں شرکت کیلئے بھارت آئیں گے۔ یہ سمٹ نئی دلّی میں **19** اور **20** فروری کو ہوگی۔ عالمی جنوب میں ہونے والی یہ پہلی عالمی **AI** سمٹ ہوگی، جس کا اعلان وزیراعظم نریندر مودی نے فرانس کے **AI Action Summit** میں کیا تھا۔ عالمی جنوب میں ہونے والی یہ پہلی عالمی **AI** سمٹ ہوگی۔×

**RAVINDER SABARWAL-DIED**

آکاشوانی کے نیوز سروسز ڈویژن میں ہندی کی سابق نیوز ریڈر **Ravinder Sabarwal** کا آج صبح طویل علالت کے بعد انتقال ہوگیا۔ انہوں نے **1985** سے **2012** تک نئی دلّی میں واقع آکاشوانی کے نیوز سروسز ڈویژن میں خدمات انجام دیں۔×

**CHHATTISGARH-MAOIST KILLED**

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں آج صبح سلامتی دستوں کے ساتھ جھڑپ میں ایک ماؤنواز مارا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق علاقے میں مسلح ماؤنوازوں کی موجودگی سے متعلق خفیہ اطلاع ملنے کے بعد ضلع کے جنوبی حصے میں سکیورٹی فورسز کی مشترکہ ٹیم نے تلاش مہم شروع کی تھی۔ جھڑپ کے مقام سے ایک ماؤنواز کی لاش اور ایک **AK-47** رائفل برآمد کی گئی ہے۔ علاقے میں تلاشی مہم اب بھی جاری ہے۔×

**WPL-CRICKET**

خواتین پریمیر لیگ کرکٹ میں، آج شام وڈودرا کے **BCA** اسٹیڈیم میں فائنل میں، ڈیلی کیپٹلز کا سامنا رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ رائل چیلنجرس بنگلورو **WPL** میں دوسری مرتبہ فائنل میں پہنچی ہے

اور وہ خطاب حاصل کرنا چاہے گی۔ ڈیلی کیپٹلز کی ٹیم چوتھی مرتبہ فائنل میں پہنچی ہے۔×

**U-19 CRICKET FINAL**

19 سال کی عمر تک کے مردوں کے ODI کرکٹ ورلڈ کپ کے فائنل میں، کل زمبابوے کے ہرارے میں، بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے شروع ہوگا۔ بھارت نے، کل زمبابوے کے ہرارے میں دوسرے سیمی فائنل میچ میں افغانستان کو 7 وکٹ سے شکست دی۔ اُس نے 41 اوورس اور ایک گیند میں 3 وکٹ کے نقصان پر جیت کیلئے 311 رن کا نشانہ حاصل کر لیا۔ Aaron George نے 104 گیندوں میں 115 رن بنائے، جبکہ Vaibhav سوریہ ونشی نے 33 گیندوں میں 68 رن اسکور کئے۔ کپتان ایوش مہاترے نے 59 گیندوں میں 62 رن بنائے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆